دوسری سہ ماہی	جماعت: چہارم	مضمون: معاشرتی علوم	سبقی منصوبہ بندی 1
اُستاد کا نام: ________	ہفتہ: 6	تاریخ: ________	وقت: 40 منٹ

باب چہارم: تاریخ (History)	سبق کا نام: انسانی تہذیب کا آغاز

مقاصد:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- ابتدائی بستیوں اور ان کے ارتقا کی معلومات حاصل کر سکیں۔

تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب

تحریکی سرگرمی: 5 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے تاریخ کی تعریف پوچھیں: ان سے جوابات لیں اور حوصلہ افزائی کریں۔ طلبہ کو بتائیں آج کے سبق میں وہ ابتدائی بستیوں کے ارتقا کی معلومات حاصل کریں گے۔

تدریسی طریقہ کار: 25 منٹ

- طلبہ کو صفحہ نمبر 43 سے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- انھیں بتائیں دنیا کی اولین بستیاں دریاؤں کے کنارے پر آباد ہوئیں، جہاں پانی کی فراوانی تھی۔

جسے انسان روزمرہ زندگی کی ضروریات پوری کرنے کے لیے استعمال کرتے تھے۔ خوراک کے لیے شکار کرتے، مچھلیاں پکڑتے اور دوسرے طریقوں سے خوراک اکٹھی کرتے۔ جانوروں کی کھالوں سے لباس کو تیار کرتے۔

- طلبہ کو بتائیں پانی پر انحصار کی وجہ سے دریا کے کنارے انسان نے چھونپڑیاں اور مکان بنانے شروع کیے۔ پتھروں کو تراش کر نوکیلے اور کارآمد آلات اور ہتھیار بنائے۔
- انھیں بتائیں آہستہ آہستہ انسان نے ترقی کی اور نئی چیزیں ایجاد کیں اور اپنی زندگی کو سہل اور محفوظ بنایا۔ اس طرح انسان کا طرزِ زندگی جدید ہوتا گیا اور انسانی تہذیب کا آغاز ہوا۔
- طلبہ کو اہرامِ مصر کے بارے میں بتائیں کہ یہ مخروطی شکل کے مقبرے ہیں۔ جو اپنی ہیئت کے اعتبار سے دنیا کے عجائبات میں شمار کیے جاتے ہیں۔

اعادہ 3 منٹ

پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

جائزہ: **5منٹ**

طلبہ سے پڑھائے سبق سے متعلق سوالات کے جوابات پوچھیں۔

گھر کا کام: **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔

دوسری سہ ماہی	جماعت: چہارم	مضمون: معاشرتی علوم	سبقی منصوبہ بندی 2
اُستاد کا نام:________	ہفتہ: 6	تاریخ:________	وقت: 40منٹ

باب چہارم: تاریخ (History)	سبق کا نام: انسانی تہذیب کا آغاز (Beginning of the Human Civilization)

مقاصد:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- دنیا کے بڑے دریاؤں اور ساحلی علاقوں کے ساتھ پروان چڑھنے والی قدیم تہذیبوں میسوپوٹیمیا تہذیب، وادی مصر تہذیب اور وادی سندھ تہذیب کی شناخت ان کے ادوار کے حساب سے کر سکیں۔

تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب

تحریکی سرگرمی: 5منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 43تا44 متن کی پڑھائی کروائیں۔ طلبہ کو بتائیں دنیا کی تاریخ میں کئی تہذیبیں پروان چڑھیں۔ انھیں بتائیں لفظ تہذیب کا تعلق لاطینی زبان کے لفظ (civitas) یا (city) سے ہے۔ جن کے معنی شہر ہیں۔ تہذیب سے مراد زندگی گزارنے کا طریقہ سلیقہ ہے۔

تدریسی طریقہ کار: 25منٹ

- طلبہ کو میسوپوٹیمیا کی تہذیب کے بارے میں بتائیں یہ تہذیب اولین تہذیبوں میں سے ہے۔ اس کا آغاز دریائے دجلہ اور دریائے فرات کے درمیان زرخیز خطے سے ہوا۔
- طلبہ کو کتاب سے میسوپوٹیمیا کا نقشہ دکھائیں اور بتائیں یہ خطہ موجودہ عراق، شام اور ترکی پر مشتمل تھا۔
- انھیں بتائیں میسوپوٹیمیا کو تہذیبوں کا گہوارہ کہا جاتا ہے۔ کیوں یہاں سمیری، آشوریہ اور بابلی تہذیبیں پروان چڑھیں۔ میسوپوٹیمیا کا دارالحکومت بابل دنیا کا قدیم ترین شہر تھا۔
- میسوپوٹیمیا میں حکومت کا ایک باقاعدہ نظام تھا۔ جس میں زندگی گزارنے کے لیے بہت سے قوانین بنائے گئے۔

اعادہ 3منٹ

پڑھائی گئی میسوپوٹیمیا کی تہذیب کی دہرائی کروائیں۔

جائزہ: 5منٹ

مشق جزو 2 کا سوال (ا) کا جواب طلبہ سے پوچھیں۔

گھر کا کام:	**2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔

دوسری سہ ماہی	جماعت: چہارم	مضمون: معاشرتی علوم	سبقی منصوبہ بندی 3
اُستاد کا نام: ________	ہفتہ: 6	تاریخ: ________	وقت: 40 منٹ

باب چہارم: تاریخ (History)	سبق کا نام: انسانی تہذیب کا آغاز (Beginning of the Human Civilization)

مقاصد:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- دنیا کے بڑے دریاؤں اور ساحلی علاقوں کے ساتھ پروان چڑھنے والی قدیم تہذیبوں میسوپوٹیمیا تہذیب، وادی مصر تہذیب اور وادیِ سندھ تہذیب کی شناخت ان کے ادوار کے حساب سے کر سکیں۔

تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب

تحریکی سرگرمی: 5 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے پوچھیں: وہ میسوپوٹیمیا کے بارے میں کیا جانتے ہیں؟ انھیں بتائیں آج وہ مصری تہذیب کے بارے میں پڑھیں گے۔

تدریسی طریقہ کار: 25 منٹ

- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 44 تا 45 ''مصری تہذیب'' کی پڑھائی کروائیں۔
- نقشہ دکھاتے ہوئے طلبہ کو بتائیں مصری تہذیب کا آغاز 5000 سال قبل دریائے نیل کے کنارے ہوا۔
- انھیں بتائیں اس خطے میں ہزاروں سال پُرانے انسانی رہائش کے آثار ملے ہیں۔
- طلبہ کو مصری تہذیب کے آغاز کی وجوہات بتائیں کہ چونکہ مصر کی زمین خشک تھی یہاں بارش کم ہوتی تو آبی وسائل کی تلاش میں انسان دریائے نیل کے قریب آ کر آباد ہو گئے۔
- انھیں بتائیں قدیم مصر میں بادشاہت کا نظام رائج تھا۔ یہاں کے حکمران فرعون کہلاتے ہیں۔
- متن کا حوالہ دیتے ہوئے انھیں مصری تہذیب کی طرزِ زندگی کے بارے میں بتائیں۔

اعادہ 3 منٹ

پڑھائے گئے سبق کو مختصراً دہرائیں۔

جائزہ: 5 منٹ

طلبہ سے مصری تہذیب سے متعلق سوالات کے جواب لیں۔

گھر کا کام: 2 منٹ

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔